## سوال

(109) بوڑھی عورت سے مصافحہ کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اجنبی عورت اگر بوڑھی ہو تو اس سے مصافحہ کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ نیز اس نے اگر ہاتھ پر کپڑا وغیرہ رکھا ہو تو پھر کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غیر محرم عورتوں سے مصافحہ کرنا مطلقاً ناجائز ہے خواہ وہ جوان ہوں یا بوڑھی اور خواہ مصافحہ کرنے والا مرد نوجوان ہو یا بوڑھا کیونکہ اس میں ہر ایک کے لئے فتنے کا خطرہ ہے، صحیح حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إني لا أصافح النساء)) (سنن ابن ماجہ)

''میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔''

اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہے:

((واللہ مامست ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ید امرأة قط أنہ یبایعھن بالکلام)) (صحیح البخاري)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ نے کبھی کسی (غیر محرم) عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا تھا، آپ ان سے زبانی بیعت لیا کرتے تھے۔''

اس اعتبار سے بھی کوئی فرق نہیں کہ عورت نے دستانے وغیرہ پہنے ہیں یا نہیں کیونکہ دلائل کے عموم اور فتنے کے سد باب کا یہی تقاضا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح : ج3 صفحہ89